# 9066 ـ نیل پالش لگانے کا حکم اور کیا وضوء کرتے وقت اتارنی ضروری ہے ؟

**سوال**

کیا عورت نیل پالش استعمال کرسکتی ہے، اور اسے وضوء کے وقت کیا کرنا ہوگا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہمیں تو اس کے متعلق کچھ علم نہیں، لیکن اس کی ضرورت نہ ہونے کی بنا پر اسے ترك کرنا ہی اولی اور بہتر ہے، اور اس لیے بھی کہ نیل پالش لگانے سے وضوء کرتے وقت پانی ناخن تك نہیں پہنچتا.

حاصل یہ ہوا کہ: نیل پالش نہ لگانا اولی اور بہتر ہے، اور اس کی جگہ مہندی لگانے پر ہی اکتفا کیا جائے، اور جو کام پہلے لوگ کیا کرتے تھے وہی اولی اور بہتر ہے.

اور اگر عورت نیل پالش لگا بھی لے تو اسے وضوء کرنے سے قبل اتارنی ہو گی؛ کیونکہ ـ جیسا ہم کہہ چکے ہیں ـ اس سے جلد تك پانی نہیں پہنچتا.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.